عالم اسلام

(جناب مولانا زاهد الراشدی)

(ایک نئے سلمان رشدی ڈاکٹر نصر حامد ابوزید کے بارے میں العالم الاسلامی کی رپورٹ کا خلاصہ پیش خدمت ہے تاکہ مغربی میڈیا اگر اپنے مزاج اور روایات کے مطابق اس مسئلہ کو موضوع بحث بنائے تو اصل صورت حال آپ کے سامنے ہو۔ "ابو عمار زاہد الراشدی")

رابطہ عالم اسلامی کے مجلّہ "العالم الاسلامی" مکہ مکرمہ مورخہ ۷ تا ۱۳ اگست ۹۵ میں قاہرہ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر نصر حامد ابو زید کے بارے میں شائع شدہ رپورٹ کے اہم اقتباسات

○ ڈاکٹر نصر حامد ابو زید قاہرہ یونیورسٹی کے کلیۃ الآداب میں اسسٹنٹ پروفیسر ہے اور اس کی بیوی ڈاکٹر ابہتال یونس بھی قاہرہ یونیورسٹی کی استاذ ہے۔

○ ڈاکٹر نصر حامد ابو زید نے اپنی متعدد تصانیف میں قرآن کریم کے بارے میں اظہار خیال کیا ہے جس کے اہم اقتباسات درج ذیل ہیں۔

وقد ان اوان المراجعة والانتقال الى مرحلة التحرر من سلطة النصوص و حدها بل من كل سلطة تعوق مسيرة الانسان علينا ان نقوم بها الان قبل ان يجرفنا الطوفان

اور اب وقت آگیا ہے کہ خالی نصوص کی بالادستی سے آزادی کے مرحلہ کی طرف رجوع کیا جائے بلکہ ہر اس بالادستی سے جو انسان کے سفر میں حائل ہوتی ہے ہم پر لازم ہے کہ اس سے پہلے ہم کھڑے ہو جائیں کہ طوفان ہمیں لے ڈوبے۔

ان القرآن لا يجتمع هو والعقل ابدا فاذا وجد العقل الغى النص واذا وجد النص الغى العقل

قرآن اور عقل کبھی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے اس لئے کہ جب عقل ہو گی تو نص باطل ہو جائے گی اور جہاں نص ہوگی وہاں عقل باطل ہو جائے گی۔

الاسلام دين عربى بل هواهم مكونات العروبه و اساسها الخضارى و الثقافى

اسلام عربی دین ہی بلکہ عربی ثقافت و معاشرت کی تشکیل کے اسباب میں اہم سبب ہے ۔

ان النص ہو القرآن و السنۃ و انہ لم یعد صالحا لزماننا کتبہ رجل عاش فی الصحراء یرکب الجمل والبغل و الحمار و یعیش فی خیمۃ منذخمسۃ عشر قرنا فکیف یصلح لمن یرکب سفینۃ الفضاء

نص قرآن اور سنت کا نام ہے اور ہمارے زمانے کے لئے قابل عمل نہیں ہے جسے ایسے شخص نے لکھا ہو جو صحراء میں رہتا تھا اونٹ ' خچر اور گدھے پر سوار ہوتا تھا پندرہ صدیوں کے بعد اس شخص کے لئے کیسے قابل عمل ہو سکتی ہے جو ہوائی جہاز پر سوار ہوتا ہے ۔

ان کل معطیات ھذالکتاب ماھی الاخرافات و اساطیر

اس کتاب نے جو کچھ دیا ہے وہ خرافات اور داستانوں کے سوا کچھ نہیں ۔

ان سبب ضیاعنا اننا نقدس متعصبین لعروبتنا ھذا الکتاب وانصح بنی قومی ان یسقطوا من نفوسھم قدسیۃ القرآن و ان یتعملوا معہ کی کلام عادی فان ھذالکتاب قد قدسناء الی حد اننا اصبحنا عبید الخرافات و اساطیر

ہمارے زوال کا سبب یہ ہے کہ ہم نے عرب عصبیت میں اس کتاب کو مقدس قرار دے دیا اور میں اپنی قوم کے نوجوانوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ قرآن کے تقدس کو اپنے دلوں سے نکال دیں ہم نے اس کو حد سے زیادہ مقدس بنا دیا ہے اور خرافات اور داستانوں کے غلام بن کر رہ گئے ہیں ۔

اذا اردتم یا بنی قومی ان ترکبوا اطباق الفضاء فتخلوا عن خرافات ساکن الصحراء

اے میری قوم کے نوجوانو ! اگر تم فضا کی بلندیوں پر اڑنا چاہتے ہو تو صحراء نشین کی خرافات سے پیچھا چھڑاؤ ۔

ان الاسلام ظلم المراۃ و جعلھا ترث نصف الرجل

بیشک اسلام نے عورت پر ظلم کیا ہے اور اسے نصف مرد کا وارث بنایا ہے ۔

انھم یدعون ان ھناک ملائکۃ وقد حاربوا مع محمد فی بدر و غیر ھا فاین ہم الآن فی البوسنۃ و الھرسک والشیشان ؟

یہ لوگ دعوی کرتے ہیں کہ وہاں فرشتے ہیں جو بدر اور دوسری جنگوں میں محمدؐ کے ساتھ ہو کر لڑے تھے تو اب وہ بوسنیا وار چیچنیا میں کہاں ہیں ؟

من العجیب انه ما ذال منا من یومن بان الله فی السماء وله عرش وله کرسی و هناک حملة العرش

عجیب بات یہ ہے کہ ہم میں اب بھی ایسے لوگ موجود ہیں جو ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ آسمان میں ہے اور اس کا عرش ہے اور اس کی کرسی ہے اور وہاں عرش کو اٹھانے والے فرشتے ہیں ۔

○ ڈاکٹر نصر حامد ابو زید کی جن کتابوں سے اقتباسات دیئے گئے ہیں ان کے نام یہ ہیں ۔

۱ ۔ "مفهوم النص دراسة فی علوم القرآن" (۲) الامام الشافعی و تاسیس الا یدلو جیة الوسطیة

۳ ۔ نقد الخطاب الدینی (۴) سلطان النص فی مواجهة العقل

○ الاستاذ محمد عبدالصمد نے تیرہ وکلاء کے گروپ کے ساتھ فیملی کورٹ میں ڈاکٹر نصر حامد ابو زید کے خلاف دعوی دائر کیا کہ چونکہ ڈاکٹر ابو زید قرآن کریم کے خلاف اس ہرزہ سرائی کی وجہ سے مرتد ہو گیا ہے اور اس کا نکاح ٹوٹ گیا ہے اس لئے زوجین میں تفریق کا حکم جاری کیا جائے ۔

○ فیملی کورٹ کے جج ڈاکٹر فاروق عبدالحکیم نے مقدمہ کی طویل سماعت کے بعد ۱۴ جون ۹۵ کو فیصلہ صادر کیا کہ ڈاکٹر ابو زید اپنی ان تحریرات کی وجہ سے مرتد ہے اور ڈاکٹر ابتہال یونس اب اس کی بیوی نہیں رہی ۔

○ ڈاکٹر فاروق عبدالحلیم نے فیصلہ میں لکھا ہے کہ وہ فیصلہ سے قبل حج بیت اللہ کے لئے حجاز مقدس گئے اور طواف کے دورا دعاؤں کے علاوہ انہوں نے استخارہ بھی کیا اور وہاں سے واپس آ کر یہ فیصلہ قلم بند کیا ۔

جناب حافظ راشد الحق سمیع کا یورپی اور ایشیائی ممالک کا دلچسپ سفرنامہ قسط وار "الحق" کی قریبی اشاعتوں میں شائع ہو رہا ہے ۔ (ادارہ)